1/2016S

Library.
24.08.2016

Roll No.........................

# B.U.M.S. III YEAR SUPPLEMENTARY EXAMINATION 2016

**Paper No. BUM302, Paper - I**

**ILMUL SAIDLA**

**Maximum Marks: 75** | **Time: Three hours**

**(Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this paper)**

*Attempt all questions. All part of a question must be attempted in continuation*

## SECTION - A (10 questions x 1 mark = 10 marks)

تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ (کثیر الانتخاب سوالات)

۱۔ عرق کشید کیا جاتا ہے:

ا۔ قرع انبیق کے ذریعہ　　ب۔ دیگ بھبکہ کے ذریعہ

ج۔ Distillation plant کے ذریعہ　　د۔ مذکورہ بالا تینوں آلات کے ذریعہ

۲۔ کچلہ کو مدبر کرتے ہیں:

ا۔ پانی میں　　ب۔ سرکہ میں　　ج۔ عرق بادیان میں　　د۔ دودھ میں

۳۔ افشردہ کا مفہوم ہے:

ا۔ بہت باریک پسی ہوئی دوا　　ب۔ عصارہ کا مترادف ہے

ج۔ مذکورہ بالا دونوں جوابات درست ہیں　　د۔ ان میں سے کوئی نہیں

۴۔ کسی کشتہ میں استعمال ہونے والے دھات کی شناخت کے لیے استعمال ہوتا ہے:

ا۔ ماء الحیات　　ب۔ اکسیر الحیات　　ج۔ مذکورہ بالا دونوں　　د۔ ان میں سے کوئی نہیں

۵۔ وجور کہتے ہیں:

ا۔ وہ دوا جو حلق میں ٹپکائی جائے　　ب۔ وہ سیال دوا جو ناک میں ٹپکائی جائے

ج۔ مذکورہ بالا دونوں جوابات درست ہیں　　د۔ ان میں سے کوئی نہیں

۶۔ حمام مائیہ/ناریہ:

ا۔ یہ قرع انبیق کی ایک قسم ہے　　ب۔ اسمیں بالواسطہ حرارت پہنچائی جاتی ہے

ج۔ اسکے ذریعہ ادویہ مشمومہ، پھولوں، پھلوں کا خالص عرق یا روح حاصل کی جاتی ہے　　د۔ مذکورہ بالا سبھی جواب درست ہیں

۷۔ جل جنتر:

ا۔ پارہ کو مصفی کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے　　ب۔ پارہ کو منعقد کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے

ج۔ درج بالا دونوں مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے　　د۔ ان میں سے کوئی نہیں

2/2016 S

۸۔ کافور کا شمار کیا جاتا ہے:

ا۔ انفاس میں　　ب۔ فلزات میں　　ج۔ اجساد میں　　د۔ ارواح میں

۹۔ عموماً جواہرات اور حجریات کے سفوف کھرل کئے جاتے ہیں:

ا۔ سنگ سیاہ میں　　ب۔ سنگ موسی میں　　ج۔ سنگ خارا میں　　د۔ سنگ سماق میں

۱۰۔ خمیرہ کا قوام ہوتا ہے:

ا۔ پہلا درجہ　　ب۔ دوسرے درجہ　　ج۔ تیسرے درجہ　　د۔ چوتھا درجہ

## SECTION - B (4 questions x 5 marks = 20 marks)

درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب درکار ہیں

۱۔ عرقیات حاصل کرنے کے لیے چار آلات کے خاکہ تیار کریں اور ان میں سے کس آلہ سے خوشبودار دوا کا عرق حاصل کریں گے نشاندہی کریں۔

۲۔ صیدلہ کی تعریف، اسکی اقسام اور غرض وغایت تحریر کریں۔

۳۔ درج ذیل میں کسی دو پر جامع نوٹ لکھئے۔

ماء اللحم　　عمل تصعید　　عمل ترویق

۴۔ روغن کشید کرنے کے عام اصول اور استعمال ہونے والے آلات کے نام قلمبند کیجئے۔

## SECTION - C (3 questions x 15 mark = 45 marks)

درج ذیل تین سوالوں کے تفصیلی جواب تحریر کیجئے۔

۱۔ حبوب واقراص کی تیاری میں مستعمل رابطہ جات کے بارے میں تحریر کرتے ہوئے ان کی ترکیب تیاری میں بنیادی فرق واضح کیجئے۔

۲۔ عمل تعریق وتصعید کا فرق واضح کرتے ہوئے بذریعہ تصعید رسکپور کے جوہر حاصل کرنے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

۳۔ معجون، خمیرہ، لعوق اور جوارش کی تفریق بلحاظ ترکیب تیاری اور محل استعمال تحریر کریں۔